© rasailojaraid.com

**PAKISTAN MEETS INDIAN CHALLENGE**

**پاکستان بھارت کی دعوت مبارزت کا جواب دیتا ہے**

تالیف جناب بریگیڈیر گلزار احمد صاحب شائع کردہ :۔ مکتبہ المختار ۴۔ اے ایوب پارک راولپنڈی ۔ قیمت ۔ بیس روپے ۔ صفحات ۲۲۶ ۔

بریگیڈیر گلزار احمد صاحب ان چند خوش نصیب افراد میں سے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قلم اور تلوار دونوں پر قدرت دینے کے ساتھ ساتھ اسلام اور امت مسلمہ کا درد بھی عطا فرمایا ہے ۔ اس کتاب میں انہوں نے صرف ۱۹۶۵ء کی جنگ کا ذکر ہی نہیں کیا بلکہ ان عزائم کو بے نقاب کیا ہے جو بھارت پاکستان کے خلاف اپنے سینے میں شروع ہی سے پال رہا ہے ۔ کتاب کے پہلے چار ابواب بڑے معلومات افزا ہیں اور ان کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے مابین اختلافات کی نوعیت کوئی سطحی اور ہنگامی نہیں بلکہ بڑی گہری ہے ۔ ان چار ابواب کے بعد انہوں نے جنگ کے مختلف محاذوں کا جائزہ پیش کیا ہے ۔

ہمارے نزدیک اس کتاب کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ بریگیڈیر صاحب سلسلہ واقعات کو بیان کرتے ہوئے پاکستان اور مسلمانوں کے لئے باری تعالیٰ کی نصرت کو کبھی نظر انداز نہیں کرتے ۔ اس کتاب کے مطالعہ سے ذہن پر یہ تاثر قائم ہوتا ہے کہ پاکستان کی کامیابی میں اگرچہ بعض دوسرے اسباب کا بھی عمل دخل ہے مگر سب سے بڑی وجہ مسلمان سپاہیوں کا جذبۂ جہاد اور قادرِ مطلق کی حمایت ہے ۔

کتاب میں مختلف محاذوں کے نقشے بھی شامل ہیں ۔ معیار طباعت اگر اس سے اونچا ہوتا تو اچھا تھا ۔ قیمت نسبتاً زیادہ معلوم ہوتی ہے

---

**علامہ اقبالؒ اور تصوف**

تالیف :۔ پروفیسر سید عبدالرشید فاضل ایم ۔ اے ۔ صدر شعبہ فارسی ، اردو کالج کراچی ۔ ناشر ۔ ادارہ تنویرات علم و ادب ۵۰۵ پیر الٰہی بخش کالونی ۔ کراچی ۔

کسی شاعر کے کلام میں خواہ وہ کتنا ہی صاحبِ فکر کیوں نہ ہو ، تصنیفی ترتیب اور مکمل فکری ہم آہنگی تلاش کرنا ، اس کے ساتھ صریح ناانصافی ہے ۔ شاعر کوئی مقالہ نگار نہیں ہوتا جو اپنے خیالات کو تدریج کے ساتھ مرتب کرے ۔ وہ تاثرات کا پیکر ہوتا ہے اور اپنے احساسات کو دردِ دل کے ساتھ الفاظ کے سانچوں

© rasailojaraid.com